کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

ڈائریکٹوریٹ جنرل بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول

حتمی نوٹس برائے مارکیز/ میرج ہالز

کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے مشاہدے میں آیا ہے کہ اسلام آباد کیپیٹل ٹریٹری(ICT) کی حدود میں کثیر تعداد میں شادی ہالز اور مارکیز اتھارٹی سے پیشگی منظوری حاصل کیے بغیر تعمیر کئے گئے ہیں اور تقریبات کے لیے استعمال کیے جارہے ہیں جو کہ نہ صرف مروجہ قوانین / پالیسیوں / بائی لاز بشمول بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز-2020 (ترمیم شدہ 2023) کی خلاف ورزی ہے بلکہ مختلف مقدمات میں عدالت ہائے عظمٰی کے فیصلوں کے بھی منافی ہے۔ سی ڈی اے کی جانب سے متعدد عوامی و انفرادی نوٹس ہذا کئے جانے کے باوجود کئی غیر منظور شدہ / غیر قانونی میرج ہالز اور مارکیز نے تاحال اپنے نقشہ جات اور مکمل واجبات ادا نہیں کیے۔

ایسے تمام شادی ہالز و مارکیز کے مالکان / لیز ہولڈرز اور دیگر وابستہ افراد کو نوٹس ہذا کے ذریعے ایک بار پھر تنبیہ کی جاتی ہے کہ سی ڈی اے کے بلڈنگ قوانین اور ہدالت ہائے عظمٰی کے احکامات کی روشنی میں 20 اپریل 2025 تک اپنے بقایا جات ڈائریکٹوریٹ جنرل آف بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول میں جمع کروائیں۔

ایسے تمام شادی ہالز / مارکیز کے مالکان / آپریٹرز جو 20اپریل 2025 تک اپنے بقایا جات / واجبات ادا نہ کرسکے ان کے لیے حتمی موقع ہو گا کو وہ 2025-06-10 تک مکمل بقایا جات بمعہ 50 فیصد اضافی جرمانے کے ساتھ ادا کر کے شادی ہالز / مارکیز کی منظوری کرواسکتے ہیں بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ اس امر میں کسی بھی قسم کی مزید توسیع یا رعایت نہیں برتی جائے گی۔

ریگولرائزیشن کے عمل کو آسان بنانے کے لیے سی ڈی اے پہلے ہی بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) کے تحت مارکیز اور میرج ہالز کی تعمیر اور ریگولرائزیشن کے لیے بائی لاز کا اطلاق کرچکا ہے جس کی تفصیلات سی ڈی اے کی ویب سائٹ cda.gov.pk، پر بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

تمام غیر قانونی مارکیوں / شادی ہالوں کے مالکان / آپریٹرز کو حتمی طور پر یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مزید کسی قانونی و تادیتی چارہ جوئی سے بچنے کے لیے مذکورہ بالا ہدایات پر عمل یقینی بنائیں بصورت دیگر اتھارٹی تعزیری اور تادیبی قانونی کاروائی استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی شادی ہال / مارکی کو سربمہر / منہدم یا تصرف کرسکتی ہے۔

مزید برآں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے شادی ہال یا مارکی میں اپنی تقریبات کی بکنگ کرنے سے پہلے اُس کی سی ڈی اے سے منظوری کی تصدیق کرلیں۔

مزید معلومات یا سوالات کے لیے براہ کرم ڈائریکٹوریٹ جنرل بلڈنگ کنٹرول سی ڈی اے کے دفتر سے رابطہ کریں۔

1۔ واٹس ایپ نمبر:0370-9353317

2۔ ای میل:dgbhccda@hotmail.com

3۔ ٹیلی فون نمبر: 051-9252103

4۔ سی ڈی اے ویب سائٹ:cda.gov.pk

5۔ ایڈریس: سی ڈی اے فیسلیٹیشن سنٹر یاسمین روڈ سیکٹر G-7/2 اسلام آباد

فیصل نعیم

ڈائریکٹر جنرل (بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول) سی ڈی اے